پیر 31 مارچ 2008ء

احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 MB/FD-10/FR

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 31 مارچ 2008ء 22 ربیع الاول 1429 ہجری 31/امان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 73

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دولتمند اور متموّل لوگ دین کی خدمت اچھی طرح کر سکتے ہیں۔اس لئے خدا تعالیٰ نے ......(البقرہ:4) متقیوں کی صفت کا ایک جزو قرار دیا ہے۔یہاں مال کی خصوصیت نہیں ہے۔جو کچھ اللہ تعالیٰ نے کسی کو دیا ہے' وہ اللہ کی راہ میں خرچ کرے۔مقصود اس سے یہ ہے کہ انسان اپنے بنی نوع کا ہمدرد اور خادم ہے۔اللہ تعالیٰ کی شریعت کا انحصار دو ہی باتوں پر ہے۔تعظیم الامر اللہ اور شفقت علیٰ خلق اللہ۔پس ......میں شفقت علیٰ خلق اللہ کی تعلیم ہے۔

ایک دفعہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے روپیہ کی ضرورت بتلائی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھر کا کل اثاث البیت لے کر حاضر ہوگئے۔آپؐ نے پوچھا ابوبکر! گھر میں کیا چھوڑ آئے۔تو جواب میں کہا۔اللہ اور رسول کا نام چھوڑ آیا ہوں۔حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نصف لے آئے۔آپؐ نے فرمایا۔عمر! گھر میں کیا چھوڑ آئے۔تو جواب دیا کہ نصف۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکر وعمر کے فعلوں میں جو فرق ہے' وہی ان کے مراتب میں فرق ہے۔

دنیا میں انسان مال سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے۔اسی واسطے علم تعبیر الرؤیاء میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے کہ اس نے جگر نکال کر کسی کو دیا ہے تو اس سے مراد مال ہے یہی وجہ ہے کہ حقیقی اتقاء اور ایمان کے حصول کیلئے فرمایا......(آل عمران:93) حقیقی نیکی کو ہرگز نہ پاؤ گے۔جب تک تم عزیز ترین چیز نہ خرچ کرو گے' کیونکہ مخلوق الٰہی کے ساتھ ہمدردی اور سلوک کا ایک بڑا حصہ مال کے خرچ کرنے کی ضرورت بتلاتا ہے اور ابنائے جنس اور مخلوق خدا کی ہمدردی ایک ایسی شے ہے جو ایمان کا دوسرا جزو ہے جس کے بدوں ایمان کامل اور راسخ نہیں ہوتا۔جب تک انسان ایثار نہ کرے۔دوسرے کو نفع کیونکر پہنچا سکتا ہے۔دوسرے کی نفع رسانی اور ہمدردی کے لئے ایثار ضروری شے ہے اور اس آیت میں......اسی ایثار کی تعلیم اور ہدایت فرمائی گئی ہے۔

پس مال کا اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا بھی انسان کی سعادت اور تقویٰ شعاری کا معیار اور محک ہے۔ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ کی زندگی میں للّٰہی وقف کا معیار اور محک وہ تھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ضرورت بیان کی اور وہ کل اثاث البیت لے کر حاضر ہو گئے۔

میں یہاں ایک ضروری امر بیان کرنا چاہتا ہوں کہ انبیاء علیہم السلام کو ضرورتیں کیوں لاحق ہوتی ہیں؟ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ ان کو کوئی ضرورت پیش نہ آوے۔مگر یہ ضرورتیں اس لئے لاحق ہوتی ہیں تا کہ للّٰہی وقف کے نمونے مثال کے طور پر قائم ہوں اور ابوبکرؓ کی زندگی کا وقف ثابت ہو اور دنیا میں خدائے مقتدر کی ہستی پر ایمان پیدا ہو اور ایسے للّٰہی وقف کرنے والے دنیا کے لئے بطور آیت اللہ کے ٹھہریں اور اس مخفی لذت اور محبت پر دنیا کو اطلاع ملے' جس کے سامنے مال و دولت جیسی محبوب اور مرغوب شے بھی آسانی اور خوشی کے ساتھ قربان ہوسکتی ہے اور پھر مال و دولت کے خرچ کے بعد للّٰہی وقف کو مکمل کرنے کے واسطے وہ قوت اور شجاعت ملے کہ انسان جان جیسی شے کو بھی خدا تعالیٰ کی راہ میں دینے سے دریغ نہ کرے۔

غرض انبیاء علیہم السلام کی ضرورتوں کی اصل غرض دنیا کی جھوٹی محبتوں اور فانی چیزوں سے منہ موڑنے کی تعلیم دینے۔اللہ تعالیٰ کی ہستی پر لذیذ ایمان پیدا کرنے اور ابنائے جنس کی بہتری اور خیر خواہی کے لئے ایثار کی قوت پیدا کرنے کے واسطے ہوتی ہے' ورنہ یہ پاک گروہ خزائن السمٰوات والارض کے مالک کی نظر میں چلتا ہے۔ان کو کسی چیز کی ضرورت ہوسکتی ہے؟ وہ ضرورتیں تعلیم کو کامل کرنے اور انسان کے اخلاق اور ایمان کے رسوخ کیلئے پیش آتی ہیں۔"

(ملفوظات جلد اول صفحہ 367)

محبوب باغ

جب سورۃ آل عمران کی آیت 93 نازل ہوئی کہ تم کامل نیکی کو نہیں پاسکتے جب تک اپنی پسندیدہ اشیاء خدا کی راہ میں خرچ نہ کرو تو حضرت ابوطلحہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے بیرحاء نامی اپنا باغ سب سے زیادہ محبوب ہے اسے میں اللہ کی راہ میں صدقہ کرتا ہوں۔رسول اللہؐ یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا یہ مال بہت نفع مند ہے۔بہت عمدہ ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب الزکوٰۃ علی الاقارب حدیث نمبر:1368

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی

بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 100 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔اسی طرح ساڑھے چھ صد سے زائد خاندانوں کی ان کے اپنے مکانوں کی تعمیر و توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور یہ سلسلہ جاری ہے۔احباب جماعت اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ایک مکمل مکان کی تعمیر کے اخراجات کم و بیش 10 لاکھ روپے ہوتے ہیں۔ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

سپیشلسٹ ڈاکٹر کی فوری ضرورت

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں امراض ناک کان و گلا کے سپیشلسٹ ڈاکٹر کی فوری ضرورت ہے۔کوالیفائیڈ ڈاکٹر/سپیشلسٹ صاحبان جو خدمت خلق کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں مع اسناد اور تجربہ کے سرٹیفیکیٹس کے بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ جلد ارسال کریں درخواستیں صدر صاحب محلّہ/امیر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ آنی چاہئیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ضرورت مراقب

دفتر خدام الاحمدیہ پاکستان میں شعبہ مال کیلئے ایک مراقب کی ضرورت ہے۔ایسے مخلص احمدی نوجوان جو خدمت دین کا شوق رکھتے ہوں اور ان کی تعلیمی قابلیت انٹرمیڈیٹ ہو اور ترجیحاً کمپیوٹر پر کام کرنا جانتے ہوں وہ اپنی درخواستیں صدر محلّہ یا صدر جماعت سے تصدیق کروا کر مورخہ 5/اپریل 2008ء تک مکمل تفصیل کے ساتھ ایوان محمود ربوہ میں بھجوادیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

بڑھائیے قافلہ نوعِ بشر کا جانب منزل

زمین و آسماں بدلے رُخِ شمس و قمر بدلا
ذرا اُٹھ دیکھ اے بندے! ستارۂ سحر بدلا

تن گیتی میں رُوح تازہ پھر پُھونکی مسیحا نے
ہوس خوردہ بنی آدم کا دل بدلا جگر بدلا

بڑھا ہے قافلہ نوع بشر کا جانب منزل
وہی ذوقِ سکوں ہے آج در ذوق سفر بدلا

شکوہ انقلابی سے ہیں پُر آدم کے ہنگامے
سکوت غار و کوہ میں اہرمن کا شور و شر بدلا

درخت دیں کہ جو بے برگ و بر تھا ایک مدت سے
ثمر اس میں لگے تازہ کہ پھر رنگ شجر بدلا

پیام امن عالمگیر لایا حضرت مہدی
سلام زندگانی میں فساد بحر و بر بدلا

کریں گے ہم جہاد نو سے تسخیر دلِ آدم
برنگ حجت و برہاں دم تیغ و تبر بدلا

یہی دیوانگی' فرزانگی پر آئے گی غالب
نہ وہ سنگ ستم بدلا نہ یہ شوریدہ سر بدلا

کرامت ہے مری ناداری و بے دست و پائی کی
بشکل صفر اُن کا آج سارا زور و زر بدلا

سمائی جا رہی ''الدار'' میں ہے نوع انسانی
حصار کل جہاں کی شکل میں مہدی کا ''گھر'' بدلا

ہزاروں لالہ و گل ہیں کِھلے پھر باغ ہستی میں
مسیحا کے نفس سے موجۂ باد سحر بدلا

عبدالسلام

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم شیخ خورشید احمد صاحب سابق اسسٹنٹ ایڈیٹر الفضل قادیان/ربوہ حال مقیم ٹورانٹو کینیڈا تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ہماری پوتی مکرمہ نزہت خورشید صاحبہ اہلیہ مکرم کاشف بن ارشد صاحب مقیم کینیڈا کو مورخہ 13 ستمبر 2007ء کو بیٹی عطا فرمائی ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچی کا نام ملاحت عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ میرے بڑے بیٹے مکرم لئیق احمد خورشید صاحب کی نواسی اور مکرم ارشد علی صاحب ابن چوہدری فرزند علی صاحب مرحوم کی پوتی ہے۔ یہ خدا کا خاص فضل ہے کہ اس بچی کی پیدائش پر ہمیں اپنے احمدی خاندان کی ساتویں نسل دیکھنے کی خوشی عطا کی گئی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بچی کو لمبی باصحت عمر دے نیز خادمہ دین اور ہم سب کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

ولادت

مکرمہ امۃ الحی صاحبہ تحریر کرتی ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ نصرت ربی جاوید صاحبہ اہلیہ مکرم مبین احمد جاوید صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 4 جنوری 2008ء کو بیٹی سے نوازا ہے۔ نومولودہ کا نام نور الھدیٰ تجویز ہوا ہے نومولودہ مکرم صوفی بشیر احمد صاحب مرحوم ابن مکرم حکیم غلام حسن صاحب مرحوم سابق لائبریرین کی نواسی اور مکرم مبارک احمد جاوید صاحب ابن مکرم غلام دستگیر صاحب مرحوم نائب امیر جماعت فیصل آباد کی پوتی ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولودہ کو نیک، صالحہ' خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم محمد نواز مومن صاحب معلم وقف جدید محلّہ دارالشکر ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بیٹے مکرم محمود احمد سلطان صاحب بھٹی کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 22 مارچ 2008ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ثاقب محمود عطا فرمایا ہے۔ بچہ وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ محترم چوہدری حمید احمد صاحب بھٹی نصیر آباد عزیز کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے نیک' خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم احمد حسیب ارشد صاحب نمائندہ مینیجر الفضل برائے لاہور تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے میری ہمشیرہ مکرمہ منزہ نورین صاحبہ اہلیہ مکرم عزیز الرشید صاحب لاہور کو شادی کے سات سال بعد پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور نے ازراہ شفقت عطاء المحسن نام عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم رشید احمد گھمن صاحب مینیجر پر چیز شاہ تاج شوگر مل کا پوتا اور مکرم عبدالرشید ارشد صاحب کارکن دفتر وصیت کا نواسہ ہے۔ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صحت والی لمبی زندگی سے نوازے، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم ولید احمد صاحب متعلم مدرسۃ الحفظ اطلاع دیتے ہیں کہ میری دادی مکرمہ سکینہ بی بی صاحبہ اہلیہ مکرم محمد صدیق صاحب کوٹ رادھا کشن لاہور بعارضہ فالج و دیگر امراض شدید بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے شفائے کاملہ وعاجلہ کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

سانحہ ارتحال

مکرم ارشاد احمد خان صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں۔

محترمہ لال بی بی صاحبہ بیوہ محترم نذیر احمد صاحب مرحوم آف اکبر کلے سرائے نورنگ ضلع لکی مروت حال فیکٹری ایریا ربوہ مورخہ 23 مارچ 2008ء کو ایک لمبی بیماری کے بعد فضل عمر ہسپتال ربوہ میں خالق حقیقی سے جاملیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ بیت المہدی میں بعد نماز عصر مکرم عبدالوہاب صاحب شاہد نے پڑھائی۔ قبرستان عام میں تدفین کے بعد خاکسار نے دعا کروائی۔ مرحومہ نے اپنی بیماری کے تکلیف دہ دن بڑے صبر واستقلال کے ساتھ گزارے اور زبان پہ کبھی بھی شکوہ شکایت نہ لائیں۔ مرحومہ کے بیٹے محترم بشیر احمد صاحب سرحد کریانہ اینڈ جنرل سٹور دارالصدر نے اپنی والدہ محترمہ کی خدمت کی توفیق پائی۔ مرحومہ خاکسار کی اہلیہ کی نانی تھیں۔ مرحومہ نے 3 بیٹے اور 6 بیٹیاں اور پوتے پوتیاں اور نواسے نواسیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

تعلیم القرآن کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی تحریکات

تلاوت کرنے، ترجمہ سیکھنے، غور کرنے، اساتذہ تیار کرنے اور قرآن کلاسز سے استفادہ کی تحریکات

عبدالسمیع خان

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا دور خلافت قرآن کے اعتبار سے ایک زریں دور تھا۔ آپ نے قرآن کریم کا اردو ترجمہ سورتوں کے تعارف کے ساتھ تحریر فرمایا جو قرآنی مفاہیم کے ساتھ اردو کی ادبی چاشنی بھی لئے ہوئے ہے۔ متعدد زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم شائع ہوئے۔ 117 زبانوں میں قرآن کریم کی منتخب آیات کے تراجم صد سالہ جوبلی کے تحفہ کے طور پر شائع کئے گئے۔

آپ نے ایم ٹی اے پر 305 گھنٹے کی قرآن کلاسز ریکارڈ کروائیں جن میں ترجمہ کے ساتھ تفسیری معارف بھی بیان فرمائے۔

آپ نے قرآن کریم پڑھنے اور سیکھنے سے متعلق متعدد تحریکات فرمائیں اور بیشمار مرتبہ اس مقصد کے لئے خطبات ارشاد فرمائے۔

تلاوت کرنے اور ترجمہ سیکھنے کی تحریک

4 جولائی 1997ء کو حضور نے کینیڈا میں ایک جامع خطبہ ارشاد فرمایا اور تعلیم القرآن کی طرف خصوصی توجہ دلاتے ہوئے فرمایا:۔

کلام الٰہی سے محبت ایک ایسی چیز ہے جو نسلوں کو سنبھالے رکھتی ہے ...... قرآن کریم پر زور دینا اور تلاوت سے اس کا آغاز کرنا بہت ہی اہم ہے۔ مگر تلاوت کے ساتھ ان نسلوں میں، ان قوموں میں جہاں عربی سے بہت ہی ناواقفیت ہے ساتھ ترجمہ پڑھنا ضروری ہے۔ ترجمے کے لئے مختلف نظاموں کے تابع تربیتی انتظامات جاری ہیں مگر بہت کم ہیں۔ جو اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں یا اٹھا سکتے ہیں۔ اس لئے جب میں ایسی رپورٹیں دیکھتا ہوں کہ ہم نے فلاں جگہ قرآن کریم کی کلاس جاری کی یا فلاں جگہ قرآن کریم کی کلاس جاری کی تو میں ہمیشہ تعجب سے دیکھتا ہوں کہ اس کلاس میں سارے سال میں بھلا کتنوں نے فائدہ اٹھایا ہوگا اور جو فائدہ اٹھاتے بھی ہیں تو چند دن کے فائدے کے بعد پھر اس فائدے کو زائل کرنے میں باقی وقت صرف کر دیتے ہیں۔ وہی بچے ہیں جن کو آپ نے قرآن کریم سکھانے کی کوشش کی چند دن بعد ان سے پوچھ کے دیکھیں تو جو کچھ سیکھا تھا سب بھلا چکے ہوں گے۔ بڑی وجہ اس کی یہ ہے کہ ہماری جو بڑی نسل ہے اس نے قرآن کریم کی طرف پوری توجہ نہیں دی اور اکثر ہم میں بالغ مرد وہ ہیں جو دین سے محبت تو رکھتے ہیں لیکن ان کو یہ سلیقہ سکھایا نہیں گیا کہ قرآن سے محبت کے بغیر دین سے محبت رکھنا کوئی معنے نہیں رکھتا اس کی کوئی بھی حقیقت نہیں ہے۔

......پس تلاوت قرآن کریم کی عادت ڈالنا اور اس کے معانی پر غور سکھانا یہ ہماری تربیت کی بنیادی ضرورت ہے اور تربیت کی کنجی ہے جس کے بغیر ہماری تربیت ہو نہیں سکتی اور یہ وہ پہلو ہے جس کی طرف اکثر مربیان، اکثر صدران، اکثر امراء بالکل غافل ہیں۔ ان کو بڑی بڑی بیوت الذکر دکھائی دیتی ہیں، ان کو بڑے بڑے اجتماعات نظر آتے ہیں۔ وہ دیکھتے ہیں کہ بڑے جوش سے اور ذوق وشوق سے لوگ دور دور کا سفر کر کے آئے اور چند دن ایک جلسے میں شامل ہو گئے لیکن یہ چند دن کا سفر تو وہ سفر نہیں ہے جو سفر آخرت کے لئے ممد ہو سکتا ہے۔ سفر آخرت کے لئے روزانہ کا سفر ضروری ہے اور روزانہ کے سفر میں زاد راہ قرآن کریم ہے۔ ...... ہر گھر والے کا فرض ہے کہ وہ قرآن کی طرف توجہ دے، قرآن کے معانی کی طرف توجہ دے، ایک بھی گھر کا فرد ایسا نہ ہو جو روزانہ قرآن کے پڑھنے کی عادت نہ رکھتا ہو اور قرآن کریم کو پھر مضامین سمجھ کر پڑھے اور جو بھی ترجمہ میسر ہو اس کے ساتھ ملا کر پڑھے...... قرآن کریم کے ترجمے کے ساتھ پڑھنے کی طرف ساری جماعت کو متوجہ ہونا چاہئے کوئی بھی ایسا نہ ہو جس کے پاس سوائے اس کے کہ شرعی عذر ہو جو روزانہ قرآن کریم کی تلاوت سے محروم رہے۔

تلاوت کا آغاز تلاوت کے برتن قائم کرنے سے ہوتا ہے اور برتن سے میری مراد یہ ہے کہ شروع کر دیں تلاوت پھر رفتہ رفتہ علم بڑھائیں اور تلاوت کو معارف سے بھرنے کی کوشش کریں، معارف سے پہلے علم سے بھرنے کی کوشش ضرور کریں۔ ...... میں چاہتا ہوں کہ اس صدی سے پہلے پہلے ہر گھر نمازیوں سے بھر جائے اور ہر گھر میں روزانہ تلاوت قرآن کریم ہو۔ کوئی بچہ نہ ہو جسے تلاوت کی عادت نہ ہو۔ اس کو کہیں تم ناشتہ چھوڑ دیا کرو مگر سکول سے پہلے تلاوت ضرور کرنی ہے اور تلاوت کے وقت کچھ ترجمہ ضرور پڑھو، خالی تلاوت نہیں کرو اور جب آپ یہ کام کر لیں گے تو پھر اردگرد ...... بنانے کی کوشش کریں اور ان نمازیوں کو گھروں سے ...... کی طرف منتقل کریں کیونکہ وہ گھر جس کے بسنے والے خدا کے گھر نہیں بساتے قرآن کریم سے اور آنحضرت ﷺ سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ ایسے گھروں کو ویران کر دیا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق عطا فرمائے کہ ان تقاضوں کو پورا کریں۔

(الفضل انٹرنیشنل 12 راگست 1997ء)

قرآن کا عرفان حاصل کریں

خطبہ جمعہ 11 جولائی 1997ء میں پھر حضور نے جماعت کینیڈا کو مخاطب کر کے فرمایا:۔

آپ دعا کریں گے تو اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ اگلے دو سال میں ضرور اللہ تعالیٰ ایسے حیرت انگیز نظارے دکھائے گا جن کا ہم تصور بھی نہیں کر سکتے۔ لیکن ساری جماعت کو اس وقت کے لئے دعا کرنی چاہئے۔ کیونکہ جتنے زیادہ تیزی کے ساتھ احمدی پھیلیں گے اتنے ہی زیادہ خطرات ہیں اور ان کو سنبھالنے کا کام بہت اہم ہے۔ اس ضمن میں میں نے گزشتہ خطبہ میں جماعت احمدیہ کینیڈا کو اور اس کی وساطت سے آپ سب کو نصیحت کی تھی کہ ساتھ ساتھ بعض بنیادی علمی کمزوریاں ہیں ان کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ ان میں سے سب سے پہلے قرآن کریم کی طرف توجہ ہے۔ جن گھروں میں باقاعدہ روزانہ قرآن کریم کی تلاوت ترجمے کے ساتھ نہیں ہوتی اور ترجمے کے ساتھ قرآن کریم نہیں پڑھایا جاتا آپ بودی نسلیں آگے بھیجیں گے۔ نام کے احمدی رہیں گے اللہ بہتر جانتا ہے کہ کب تک رہیں اور کام کے کبھی بن بھی سکیں گے یا نہیں۔ مگر جن کو بچپن سے قرآن سکھایا جائے اور قرآن کا...... علم ہو۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کا قرآن باقی بستی پر غالب آیا کرتا ہے۔ قرآن کو اپنے گھروں پر غالب کر دیں اپنے بچوں پر غالب کر دیں۔ ہر بچے پر یہ فرض کر دیں کہ وہ قرآن کریم کو سوچے سمجھے اور روزانہ کچھ نہ کچھ اتنا ضرور قرآن کا عرفان حاصل کرے کہ اس کے نتیجے میں اس کی اپنی تربیت شروع ہو جائے۔

(الفضل انٹرنیشنل 29 راگست 1997ء)

اساتذہ تیار کرنے کی تحریک

تعلیم القرآن کے ضمن میں آپ کی ایک منفرد تحریک اساتذہ کی تیاری کی تحریک تھی جو صرف قرآن پڑھنے والے نہ ہوں بلکہ صحیح تلفظ کے ساتھ آگے قرآن پڑھائیں۔ اس کی تفصیل آپ نے انٹرنیشنل مجلس شوریٰ اسلام آباد لندن 1991ء میں بیان کی۔

میں نے اگلے چار پانچ سال کا منصوبہ بڑے غور و فکر کے بعد بنایا ہے۔ ہم قرآن کریم کی تلاوت سکھانے کا آغاز آڈیو ویڈیو کی مدد سے کریں گے لیکن یہ کلاسیں اپنی نوعیت کے اعتبار سے بالکل مختلف ہوں گی۔ میں نے ذیلی تنظیموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایسے افراد کو طلب کریں جو استاد کے طور پر خدمت کے لئے تیار ہوں خواہ ان کی تعداد تھوڑی ہو۔ اپنی متعلقہ ذیلی تنظیموں سے انصار، لجنات اور خدام وغیرہ کا انتخاب کریں۔ وہ اس کے لئے آگے آئیں۔ مثلاً پندرہ دن کے لئے انہیں صرف اتنا کچھ پڑھایا جائے (اور اس سے زائد ہرگز نہیں) جسے وہ پوری اہلیت کے ساتھ اخذ کر سکیں۔ یہاں تک کہ اس قدر علم وہ نہایت مہارت سے دوسروں کو سکھا سکیں نیز آڈیو ویڈیو کے آلات سے انہیں متعارف کرایا جائے اور یہ کہ ان سے کس طرح استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ بھی ایک ٹریننگ ہے جس کی ہم سب کو ضرورت ہے۔

یہ سب کچھ کر لینے کے بعد اگلا مرحلہ اس وقت آئے گا جب وہ تربیت یافتہ استاد اپنے قصبوں اور علاقوں میں واپس جائیں گے۔ وہاں جا کر ان کا کام ہوگا کہ اس قسم کی کلاسیں جاری کریں اور دوسروں کو تعلیم دیں، عام شاگردوں کی طرح نہیں بلکہ جس طرح ٹریننگ کالجوں کے طلباء کو تعلیم دی جاتی ہے ......اور جب ان کے بارے میں یقین ہو جائے کہ اب یہ آگے دوسروں کو اسی قدر پڑھا سکتے ہیں تو یہ حسب دستور کلاسیں جاری کر کے مزید شاگردوں کو وہ کچھ پڑھائیں جو انہوں نے سیکھا ہے اور ان کے استاد اپنے پہلے استادوں کے پاس جائیں جنہوں نے اب تک مزید علم حاصل کر لیا ہوگا اور وہ یہ مزید علم حاصل کریں اور اچھی طرح حاصل کرنے کے بعد اپنے پرانے شاگردوں کے پاس جائیں اور انہیں یہ زائد علم پڑھائیں اور یہ سلسلہ جاری رہے۔

ہر جگہ مناسب طور پر اس سکیم کے نفاذ کی صورت میں آپ کو متنبہ کرتا ہوں کہ ترقی کی رفتار آہستہ ہوگی اور اسے آہستہ ہی ہونا چاہئے کیونکہ اس معاملہ میں ہمیں یہ آہستہ اور محتاط آغاز کی ضرورت ہے۔ رپورٹ فارم کو بے ضابطہ قسم کی مساعی سے بھرنا اس پروگرام کے لئے خودکشی کے مترادف ہوگا۔ حتیٰ کہ شروع کے تین ماہ میں، مثال کے طور پر آپ لندن بھر کے لئے جو بہت بڑی جماعت ہے صرف دس اساتذہ تیار کر سکتے ہیں۔ میں اس صورتحال پر زیادہ خوش ہوں گا بہ نسبت اس کے مجھے بتایا جائے کہ ہم نے ایک ہزار بچوں کے لئے کلاسوں کا انعقاد کیا۔ جو کلاسوں میں شریک ہونے کے لئے آئے مگر بعد ازاں پڑھائی سے ان کا رابطہ منقطع ہو گیا یا یہ کہ وہ سب کچھ بھول گئے جو انہوں نے کلاسوں میں چند دنوں یا چند ہفتوں کے دوران سیکھا تھا......

......خدام، لجنات اور انصار کی کمیٹیاں صرف اس خاص مقصد کے لئے قائم کی جائیں اور وہ ہمیشہ سارے مواد کو توجہ سے سنتی رہیں۔ جو قرآن کریم کے مطالعہ یا نماز سے متعلق ہے اور پھر وہ مجھے اپنی ماہانہ یا سالانہ رپورٹوں کے ذریعہ بواپسی اطلاع دیں کہ

انہوں نے ان سب ہدایات کو بخوبی سن لیا ہے اور یہ کہ وہ ان ہدایات پر عمل کرنے میں پوری طرح مستعد ہیں۔ کلاسوں کے بارہ میں ادھر ادھر کی باتوں پر مبنی لمبی رپورٹوں کی بجائے بہتر ہے کہ آپ اپنا اور میرا وقت بچائیں اور مستقبل کی نسلوں کے مفاد کا تحفظ کریں۔

(ماہنامہ انصاراللہ جولائی 1993ء ص 33,32)

منتخب حصوں کے حفظ کی تحریک

ایک تحریک حضور انور نے یہ فرمائی کہ قرآن مجید کی چھوٹی سورتیں اور بعض آیات حفظ کی جائیں۔

حضور کو قرآن مجید کے مختلف مضامین پر مبنی آیات کے حفظ کا بہت خیال تھا اور خود بھی خلافت سے قبل بھی اور بعد میں بے انتہا مصروفیات کے باوجود بھی اس کا تعہد فرماتے رہے اور نمازوں میں بدل بدل کر مختلف حصوں کی تلاوت فرماتے۔ ان منتخب حصوں کو حفظ کرنے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا:۔

''بچوں کو خصوصیت سے اور بڑوں کو بھی وہ آیتیں یاد کر لینی چاہئیں۔ جن کی نمازوں میں میں تلاوت کرتا ہوں اور اکثر میں فجر، مغرب اور عشاء کی نمازوں میں بدل بدل کر تلاوت کرتا ہوں۔ یہ آیتیں جو میں نے چنی ہیں کسی مقصد کے لئے چنی ہیں۔ اگر ان کا ترجمہ آتا ہو تو اس کا دل پر اثر پڑے گا۔ اگر مطلب نہ آتا ہو تو اس کا کوئی فائدہ نہیں''۔

(الفضل انٹرنیشنل لندن 7 جون 1996ء)

ترجمہ قرآن کی کلاسز سننے کی تحریک

حضور کا ایک منفرد کارنامہ ایم ٹی اے پر سارے قرآن کا ترجمہ اور تفسیری وضاحتیں تھیں جو 305 گھنٹے کی آڈیو، ویڈیو ریکارڈنگ کی شکل میں موجود ہیں اور قرآن سیکھنے اور سمجھنے کے لئے عظیم تحفہ ہے۔ حضور نے جماعت کو تحریک فرمائی کہ ان کلاسوں سے استفادہ کرے اور اگر ایم ٹی اے پر سننا ممکن نہیں تو اس کی ویڈیو کیسٹس کا استعمال کیا جائے۔ خطبہ جمعہ 19 جون 1998ء میں حضور نے فرمایا:۔

آجکل میں بہت زور دے رہا ہوں کہ خصوصاً بچوں کو قرآن کریم پڑھنا لکھنا سکھایا جائے اور اس کے معانی بھی ساتھ ساتھ سکھائے جائیں۔ اکثر لوگ جو ناظرہ پڑھا دیتے ہیں وہ کافی نہیں ہے۔ اگر ناظرہ قرآن کے ساتھ ساتھ آپ اس کے معانی بھی کچھ سکھاتے چلے جائیں تو قرآن کریم سے محبت ہونا ایک لازمی بات ہے۔ اب مجھے علم نہیں کہ آپ میں سے کتنے ہیں جو میری قرآن کریم کی کلاس کو غور سے سنتے ہیں یا سن سکتے ہیں یا ان تک پہنچتی بھی ہے کہ نہیں۔ مگر اس کلاس میں جو آنے والے ہیں ان میں کم علم عورتیں بھی ہیں، بڑے بڑے صاحب علم مرد بھی ہیں لیکن جب قرآن کریم کو سمجھا کر پڑھایا جائے تو اس سے محبت ہونا ایک لازمی بات ہے، آدمی رک ہی نہیں سکتا محبت کئے بغیر۔

قرآن کریم پڑھانا اور خشکی یہ دو چیزیں اکٹھی ہو ہی نہیں سکتیں۔ چنانچہ میں اپنی کلاس کو سمجھاتا ہوں اور بسا اوقات دیکھتا ہوں کہ جب میں قرآن کریم سے فطرت کے راز ان کو سمجھاتا ہوں، قرآن کریم نے کن کن رازوں سے پردہ اٹھایا ہے، کیا کیا معرفت کی باتیں کی ہیں، میری نظر اٹھتی ہے تو میں ان کو بھی روتے ہوئے دیکھتا ہوں اور میری اپنی آنکھیں بھی آنسو بہا رہی ہوتی ہیں۔ اب خشک تعلیم سے تو آنسو نہیں جاری ہوا کرتے۔ لازماً اللہ تعالیٰ کی محبت کے چشمے بہہ رہے ہیں قرآن کریم میں اور وہی چشمے ہیں جو سننے والوں کی آنکھوں سے اور سنانے والے کی آنکھوں سے جاری ہو جاتے ہیں۔ اس لئے حضرت مسیح موعود جب قرآن کریم کے متعلق اس کو نعمت بیان فرماتے ہیں تو ہرگز ایک ذرہ بھی مبالغہ اس میں نہیں ہے۔

ایسی ایسی معرفت کی باتیں قرآن کریم میں بیان ہیں کہ ناممکن ہے کہ قرآن کریم پڑھیں اور اس سے محبت نہ ہو جائے اور اگر قرآن سے محبت ہو جائے تو زندگی کے سارے مسائل حل ہو جائیں گے۔ جن لوگوں کو محبت ہوتی ہے ان کی ساری برائیاں دور ہو جاتی ہیں، ان کو ایک نئی زندگی نصیب ہوتی ہے اور بکثرت لوگ مجھے لکھتے ہیں کہ اگرچہ ہماری اپنی تعلیم زیادہ نہیں تھی مگر قرآن کریم کی کلاس میں بیٹھنے کا موقع ملا اور ہم نے ایک نئی زندگی پالی ہے۔ اب یہی کتاب ایک عام کتاب نہیں ہے جو اسے پڑھتے وقت مشکل ہو، جا گنا مشکل رہے اس کو تو پڑھنے کے ساتھ ساتھ ہی تمام خوابیدہ جذبات اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور قرآن کی تائید میں اور اس کی حکمتوں کی تائید میں فطرت کا لفظ لفظ بولتا ہے......

عجز اور انکساری کے ساتھ قرآن کریم کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کی ضرورت ہے، اپنا سر جھکا دیں اور غور سے پڑھیں اور آیات کے تسلسل پر غور کریں تو حیران رہ جائیں گے کہ قرآن کریم کی آیات ایک دوسرے سے اس طرح منسلک ہیں کہ پہلے انسان کے وہم میں بھی نہیں آسکتا تھا کہ کس طرح تعلیم مسلسل آگے بڑھ رہی ہے اور ایک بات اگلی بات سے منسلک ہوتی چلی جارہی ہے یہ ڈوریاں ہیں جو آپس میں بٹی جارہی ہیں۔

اور اس کا ایک علاج میں آپ کے سامنے یہ رکھ رہا ہوں کہ اگر آپ کو ایم ٹی اے کے ذریعہ سننا ممکن نہیں تو غالباً یہاں امریکہ میں ان قرآن کریم کی کلاسز کی ویڈیو ریکارڈنگ ہو چکی ہوگی۔ اگر ہو چکی ہے تو لازماً گھروں کو مہیا کرنی چاہئے۔ یہ بھی کرتے ہیں اور کر سکتے ہیں کہ کسی ایک وقت ان میں ویڈیوز کو چلا دیا جائے مگر ہر ایک کے اوقات الگ الگ ہیں اور ضروری نہیں کہ ہر روز اس وقت وہ گھر ہی ہو سارا خاندان بھی کہیں سفر پر جا سکتا ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ ان کا ریکارڈ اپنے گھروں میں رکھیں اور ترتیب کے ساتھ آپ سب لوگ مل جل کر بیٹھیں اور سننا شروع کریں۔

اگر اس دس سبق بھی آپ اس طرح پڑھ لیں گے تو پھر آپ کے لئے ان سبقوں سے الگ رہنا ممکن ہی نہیں رہے گا۔ طلب کریں گے کہ کب ہم اگلا سبق شروع کریں مگر پڑھیں اکٹھے اور بچوں کو ساتھ شامل کر کے پڑھیں۔

تو حضرت مسیح موعود نے جو قرآن کریم کے متعلق روحانی دعوت، فرمایا اور مزے مزے کے کھانے بتائے وہ آج بھی مل سکتے ہیں۔ صرف پڑھنے کا طریقہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں جو قرآن کریم کی محبت ڈالی ہے اس دور میں میں سمجھتا ہوں کہ حضرت مسیح موعود کی ہدایات پر عمل کروانے میں یہ محبت ضروری تھی اور جب اس کلاس میں آپ قرآن کریم کو پڑھیں گے تو پھر حضرت مسیح موعود کا اصل مقام ظاہر ہوگا۔ کتنے عظیم الشان معلم تھے۔ (الفضل 24/اگست 1998ء)

حضرت سعد بن عبادہؓ

آپ مدینے کے رؤسا میں سے تھے۔ حد درجہ کے فیاض اور کریم الطبع تھے۔ فتح مکہ کے دن اسلامی علم ان کے پاس تھا۔ جب ابوسفیان کے پاس سے گزرے، دیکھ کر کہنے لگے۔ ''آج لڑائی کا دن ہے اور جو چیز پہلے حرام تھی، آج حلال ہے۔ خدا نے آج قریش کو ذلیل اور رسوا کیا ہے''۔ ابوسفیان نے رسول اللہؐ سے شکایت کی تو آپ نے فرمایا ''نہیں ابوسفیان! یہ لطف و کرم اور نوازشات کا دن ہے اور خدا نے قریش کو اپنے الطاف سے نوازا ہے''۔ آپؓ نے بیعت عقبہ ثانیہ کے موقع پر اسلام قبول کیا۔ آپؓ غزوۂ اُحد، بدر، خندق، حنین تمام اہم معرکوں میں شامل رہے۔ خلافت ابوبکر صدیقؓ میں آپ نے ترک وطن کر کے شام میں سکونت اختیار کی اور 15ھ میں شہید کر دیئے گئے۔

واقفین نو ربوہ کے دو پروگرام

سیمینار

بفضل اللہ تعالیٰ لوکل انجمن احمدیہ شعبہ وقف نو کو مورخہ 6 مارچ 2008ء کو بوقت ساڑھے چار بجے شام گلشن احمد نرسری ربوہ کے خوبصورت سرسبز لان میں ربوہ کے واقفین نو بچوں کے لئے پودوں کی نگہداشت کے موضوع پر ایک سیمینار کے انعقاد کی توفیق ملی۔ اس سیمینار میں ربوہ کے 150 واقفین نو بچگان نے شرکت کی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم سید جلید احمد شاہ صاحب نائب وکیل التعلیم تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا، نظم کے بعد مکرم صفدر نذیر گولیکی صاحب سیکرٹری وقف نو لوکل انجمن احمدیہ نے مہمان خصوصی کا تعارف پیش کیا اور ساتھ ہی انہوں نے حضرت مسیح موعود کی عظیم الشان پیشگوئی بابت پنڈت لیکھرام کے عظیم الشان رنگ میں پورا ہونے کے بارے میں آسان زبان میں مختصر مگر جامع خطاب فرمایا۔ ان کے خطاب کے بعد مکرم حافظ عبدالحلیم صاحب نے خوش لحن آواز میں حضرت مسیح موعود کا پاکیزہ منظوم کلام

بہار آئی ہے اس وقتِ خزاں میں
لگے ہیں پھول میرے بوستاں میں

پیش کیا۔

اس کے بعد محترم مہمان خصوصی نے پودا لگانے کا صحیح طریق، پودوں کی حفاظت اور نگہداشت کے بارے میں واقفین نو بچوں کو قیمتی نصائح فرمائیں۔ بعد ازاں محترم سیکرٹری صاحب وقف نو لوکل انجمن احمدیہ نے مہمان خصوصی اور تمام شاملین واقفین نو بچوں کا شکریہ ادا کیا۔ اختتامی دعا محترم مہمان خصوصی نے کروائی جس کے بعد یہ سیمینار اختتام پذیر ہوا۔ دعا کے بعد تمام واقفین نو بچوں کے سامنے گلشن احمد نرسری میں ایک عدد پودا لگا کر بچوں کو پودا لگانے کا صحیح طریقہ بتایا گیا۔ جس کے بعد تمام بچے اپنے گھروں کو روانہ ہو گئے۔

وقار عمل

دوسرا پروگرام صد سالہ خلافت جوبلی کے تحت مورخہ 13 مارچ 2008ء کو شام ساڑھے چار بجے ربوہ کے تین صدر، فضل اور یمن بلاکس کے واقفین نو کا وقار عمل کا پروگرام ہوا۔ ان تینوں بلاکس میں سے 116 واقفین نو بچگان نے شرکت کی۔ محلّہ جات کے سیکرٹریان بھی حاضر تھے۔ اس وقار عمل کے دوران بس سٹاپ سے لے کر ریلوے لائن تک، گولبازار، فضل عمر ہسپتال اور احاطہ کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ کی گلیوں اور بازاروں سے شاپنگ بیگز اور ریپرز اٹھائے گئے۔ بعد ازاں نور العین دائرۃ الخدمۃ الانسانیۃ میں بچوں کو اکٹھا کر کے مکرم صفدر نذیر گولیکی صاحب سیکرٹری وقف نو لوکل انجمن احمدیہ نے نور آئی ڈونرز ایسوسی ایشن و آئی بنک کا تعارف کروایا اور اس حوالے سے قیمتی نصائح فرمائیں۔ اس کے بعد تمام بچوں میں آنکھوں کے عطیہ کا وصیتی فارم تقسیم کیا گیا تاکہ واقفین نو بچے بھی تحریک عطیہ چشم کے حوالے سے کسی سے پیچھے نہ رہیں۔ ایم ٹی اے کی ٹیم نے اس سارے پروگرام کی ریکارڈنگ کی۔ محترم سیکرٹری صاحب لوکل انجمن احمدیہ نے اختتامی دعا کروائی جس کے بعد یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

ادب انسان کا زیور ہے

مکرم ملک لطیف احمد صاحب

کینیڈا
قابل تقلید قوانین۔ طبعی اور موسمی حالات

جب اللہ تعالیٰ کے احسانات پر نظر ڈالتا ہوں تو ہزار ہا شکرانے ادا کئے بغیر رہ نہیں سکتا۔ خاکسار 16 جنوری 2006ء کو کینیڈا میں وارد ہوا۔ میرا بیٹا اور میرے بھانجے جو میرے داماد بھی ہیں استقبال کے لئے ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ جونہی ایئرپورٹ سے باہر نکلے تو کینیڈا کے برفانی موسم نے خوش آمدید کہا۔ تب سے لے کر اب تک جو دیکھا۔ سنا اور محسوس کیا وہ قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

پوری دنیا میں سے آئے ہوئے لوگ یہاں آباد ہیں۔ اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جن پر اپنے ملکوں میں زیادتیاں ہوتی رہی ہیں انہیں لوگوں کو کینیڈا بطور خاص خوش آمدید کہتا ہے۔ جیسا کہ مجھے بھی کہا گیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ہماری جماعت کو ماٹو دیا تھا

''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں''

کینیڈا میں بسنے والے لوگوں نے اسے بہت پسند کیا ہے بلکہ اپنایا ہے۔ ہر مرد و زن بغیر جان پہچان کے ہیلو۔ ہائے ضرور کرتے ہیں اور اگر کوئی نووارد کسی سے بھی کوئی معلوماتی سوال کر دے تو نہایت خندہ پیشانی سے راہنمائی کرتے ہیں۔

دفاتر کا نظم و ضبط اور صفائی بے مثال ہے اور کارکنان دفاتر اس طرح پیش آتے ہیں جس طرح معزز مہمانوں کو میزبان پیش آتے ہیں۔ یہاں دفاتر میں انگریزی زبان کا استعمال ہے اگر کوئی نووارد کہہ دے کہ مجھے انگریزی نہیں آتی تو دفتر والے خود ہی ترجمہ کرنے والے آدمی کا بندوبست کر دیتے ہیں اور اگر کوئی کہے کہ میں تھوڑی انگریزی جانتا ہوں تو نہایت پیار اور نرمی سے سمجھا سمجھا کر گفتگو کرتے ہیں تو کام آسان ہو جاتا ہے اور خوشی ہوتی ہے اور دل سے ان کے لئے دعا نکلتی ہے۔ کوئی بھی دفتر، بنک، ہسپتال یا مارکیٹ ہو ہر جگہ لائن نظر آئے گی قطعاً کوئی شخص آگے بغیر باری کے بڑھنے کی کوشش نہیں کرے گا۔ یہاں کوئی کسی سے بڑا نہیں اور نہ ہی اقربا پروری ہے۔ 65 سال سے زائد عمر کے لوگوں کو سینیئرز کہا جاتا ہے اور ان کے لئے الگ کاؤنٹر اور کرسی کا بندوبست ہے۔

ٹرانسپورٹ اور ریلوے کا نظام بھی لاجواب ہے۔ لوگ سوار ہوتے وقت بے صبری سے کام نہیں لیتے بلکہ ایثار کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ٹرانسپورٹ میں کنڈیکٹر کا کوئی تصور نہیں۔ مسافر اپنا کرایہ ڈرائیور کے سامنے بکس میں ڈالتا ہے اور ڈرائیور ٹکٹ دے دیتا ہے۔ جن لوگوں نے روزانہ سفر کرنا ہوتا ہے وہ ماہانہ پاس بنوا لیتے ہیں وہ کافی سستا پڑتا ہے۔ ہر سٹاپ سے پہلے اترنے والے مسافروں کی سہولت کے لئے سٹاپ کا نام بذریعہ ٹیپ ریکارڈر بتا دیا جاتا ہے۔

بازار ہماری طرز سے مختلف ہیں۔ یہاں بڑی بڑی مارکیٹیں ہیں جن کو مال کہا جاتا ہے۔ ان مالوں میں انسانی ضروریات کی سب چیزیں مل جاتی ہیں۔ ہر بڑے چوک میں بھی اشیاء ملتی ہیں اس بازار کو پلازہ کہا جاتا ہے۔ فاسٹ فوڈ بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ سینڈوچز۔ چرغہ۔ بروسٹ وغیرہ۔ پیزہ بنانے والے بڑے بڑے ادارے ہیں جو بذریعہ ٹرانسپورٹ گھروں میں پہنچا دیتے ہیں۔

ٹیلیفون کا یہاں کی زندگی میں بڑا عمل دخل ہے۔ ہر گھر میں اور گھر کے ہر فرد کا ٹیلیفون نمبر ہر ادارہ میں رجسٹرڈ ہوتا ہے۔ ٹیلیفون نمبر بطور شناخت بھی استعمال ہوتا ہے۔ ٹیلیفون کا موجد مسٹر بیل کینیڈا کا شہری تھا اور اس کے نام پر ایک ادارہ ''بیل ٹیلیفون'' بھی ہے۔ یہاں لوکل کالیں فری ہیں چاہے چوبیس گھنٹے بات کرتے رہو کوئی بل نہیں۔

یہاں قانون کا راج ہے۔ رشوت اور سفارش کا نام تک نہیں۔ ہر آدمی قانون کا احترام کرتا ہے اور بااصول زندگی بڑے سکون کے ساتھ گزار رہا ہے۔ میں ٹورانٹو شہر میں رہ رہا ہوں یہاں لاکھوں ٹریفک سگنل ہوں گے کسی بھی راستے یا سگنل والے چوک پر دو سالوں میں میں نے کوئی ٹریفک پولیس والا نہیں دیکھا۔ البتہ موبائل پولیس کافی ہے جو چلتے پھرتے یا خفیہ جگہ بیٹھ کر نگرانی کرتی رہتی ہے۔ ایک عمل جو مجھے پسند آیا ہے وہ یہ کہ ہر چوک پر سٹاپ کا بورڈ لگا ہوا ہے بعض پر Allway اور بعض پر Threeway کے الفاظ درج ہیں۔ ہر چوک پر ہر ڈرائیور ڈیڈ سٹاپ کرے گا۔ جو پہلے رکے گا وہ پہلے چلے گا اس اصول پر ہر آدمی کاربند ہے۔ ان دو سالوں میں میں نے کسی جگہ ایک ایکسیڈنٹ نہیں دیکھا۔ جتنے بھی ہائی ویز ہیں باقاعدہ سفید لائنیں ہیں جو واضح نظر آتی ہیں۔ ہر ڈرائیور لائن کے اندر چل رہا ہوتا ہے اگر کسی نے لائن تبدیل کرنی ہے تو پہلے سگنل دے گا پھر سائیڈ مرر دیکھے گا اور جو گاڑیاں بلائینڈ سپاٹ (جو سائیڈ مرر نہیں ہوتیں) میں ہوتی ہیں ان کو گردن گھما کر کندھے کے اوپر سے دیکھ کر تسلی کر کے پھر لائن تبدیل کرے گا۔

یہاں کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے لئے کئی ٹیسٹ دینے پڑتے ہیں۔ پہلا امتحان تھیوری کا دینا پڑتا ہے اس کے پاس ہونے پر GI لائسنس ملے گا اس کا مطلب ہے کہ ٹریننگ لے سکتا ہے بہت زیادہ لوگوں نے ٹریننگ دینے کے لائسنس لئے ہوتے ہیں جن کا باقاعدہ کورس ہوتا ہے اور ٹریننگ دینے والی گاڑیاں بھی خصوصی ہوتی ہیں جن کا کنٹرول انسٹرکٹر کے پاس ہوتا ہے۔ ڈرائیونگ ٹیسٹ میں کامیابی پر GII لائسنس ملے گا۔ مزید ٹریننگ ہائی وے کے لئے لینی پڑتی ہے اس کا امتحان پاس کرنے کی صورت میں G لائسنس ملے گا۔ اسی طرح ہیوی ٹرانسپورٹ چلانے کے لئے مزید تربیت اور امتحان دینے پڑتے ہیں۔

تمام ڈرائیوروں کو سب سے پہلے معذور لوگوں کو سہولت دینی پڑتی ہے اور پھر پیدل لوگوں کو۔ اگر چلنے کا اشارہ مل جاتا ہے لیکن پیدل لوگ سڑک عبور کر رہے ہیں ان لوگوں کے عبور کرنے تک گاڑی روکے رکھنی ہے۔ ان سارے اصولوں پر عمل کرنے کی وجہ سے کبھی بھی ٹریفک جام نہیں ہوتی۔

بجلی کا نظام بھی بہت اچھا ہے۔ میرے ان دو سالوں میں ایک دفعہ بھی بجلی بند نہیں ہوئی باوجود ترقی یافتہ ملک ہونے کے ایک چیز بڑی عجیب نظر آتی ہے۔ بجلی کے کھمبے لکڑی کے ہیں اور لکڑی بھی ایسی مضبوط اور سیدھی ہے کہ کبھی ٹوٹے نہیں اور نہ کبھی کیڑا لگا ہے۔ ان کھمبوں کا نچلا حصہ 12/14 قطر کا ہوتا ہے۔ اس ملک میں جنگلات بہت زیادہ ہیں۔ ان جنگلات میں کام کرنے والی مشینیں بھی عجوبہ ہیں جو ورطہ حیرت میں ڈال دیتی ہیں۔ لکڑی کے برادے میں ریت اور سیمنٹ کی معمولی مقدار شامل کر کے چار دیواری کے لئے پھٹے تیار کئے جاتے ہیں۔ پھر لکڑی کے برادے میں بعض کیمیکل شامل کر کے درختوں کے تنوں کے پاس بطور خوراک ڈال دیتے ہیں۔

یہاں صرف دو موسم ہیں سرما اور گرما۔ سرما کا دورانیہ تقریباً ساڑھے سات ماہ اور گرما کا تقریباً ساڑھے چار ماہ لیکن یہاں کا گرما پاکستان کے موسم بہار جیسا ہوتا ہے۔ البتہ دھوپ تیز ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ ملک انتہائی شمال میں واقع ہے اور گردش مدار ارضی کی وجہ سے سورج کے قریب ہو جاتا ہے۔

یہاں کے سکول خاص طور پر چھوٹے بچوں کے لئے یعنی آٹھویں تک کے لئے تفریح کا درجہ رکھتے ہیں۔ جسمانی سزا کا تصور تک نہیں ٹیچر عموماً لیڈیز ہوتی ہیں بچوں سے بہت پیار کرتی ہیں اور گورے کالے بچوں میں کبھی تفریق سے کام نہیں لیتیں۔ سکول کا پرنسپل دفتر میں کم بیٹھتا ہے۔ نگرانی بہت زیادہ کرتا ہے۔ بچوں میں ٹافیاں اور پیار بانٹتا پھرتا رہتا ہے۔ بعض بچوں کو بس ماہانہ اجرت لے کر پک ڈراپ کرتی ہے جس کا ڈرائیور ہر قسم کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ سکول بس کے ساتھ ایک سٹاپ سائن نصب ہوتا ہے جب بچوں کو اتارنے یا چڑھانے کے لئے بس رکتی ہے تو وہ بورڈ دوسری ٹریفک کو روکنے کے لئے سامنے آ جاتا ہے تو پھر دوسری ٹریفک پیچھے سے آنے والی رکی رہے گی جب تک بس چل نہ پڑے یا بورڈ واپس نہ لے لے۔ جن بچوں کو سرپرست سکول چھوڑنے یا سکول سے لینے کے لئے آتے ہیں متعلقہ کلاس ٹیچر ان کو جانتی ہوتی ہے تو بچہ کو تسلی کر لینے کے بعد دروازہ سے باہر نکالتی ہے۔

کینیڈا میں تین ڈبلیو بھی مشہور ہیں۔ جو حقیقت پر مبنی ہیں۔ W نمبر ایک Weather اس کا کوئی اعتبار نہیں کب بارش۔ کب برف باری اور کب دھوپ نکل آئے کینیڈا T.V کا ایک چینل 24 گھنٹے موسم بتاتا رہتا ہے اور شاہراہوں کا حال بھی بتاتا رہتا ہے۔ اس لئے آدمی گھر سے نکلنے سے پہلے اس چینل کو ضرور دیکھتا ہے اور اس کے مطابق لباس پہن کر نکلتا ہے۔

W نمبر دو Work اکثریت فیکٹریوں میں کام کرتی ہے اور فیکٹری والے پروڈکشن اور سیل کا حساب ایسا رکھتے ہیں کہ کسی بھی ورکر کو بغیر کام کئے اجرت نہ دینی پڑے۔ فیکٹریوں میں کام بذریعہ ایجنٹ ملتا ہے۔ جب فیکٹری والوں کو ورکر کو فارغ کرنا ہو تو ایجنٹ کو کہہ دیتے ہیں کہ فلاں فلاں آدمی کو کل سے نہیں بھیجنا۔ ورکرز کو کام مشینوں پر مشینوں کی طرح لگاتار کرنا پڑتا ہے اس طرح ورک کا کوئی پتہ نہیں ہوتا کہ کل کام پر جانا ہے یا نہیں ہر رات کو یا ہر صبح کو ٹیلیفون پر دھیان رکھنا ہوتا ہے کہ ایجنٹ کیا خبر دیتا ہے۔

W نمبر تین Wife یہاں کی وائف یعنی بیوی کا کوئی پتہ نہیں کہ کب نیا شوہر تلاش کر کے پرانے کو طلاق دے دے۔

اب کچھ تاریخی، معاشرتی اور حکومتی معلومات حاضر خدمت ہیں۔ سب سے قدیمی لوگ میٹس اور اینوٹ کہلاتے ہیں۔ ان کو حکومت کینیڈا کچھ خصوصی رعائتیں فراہم کرتی ہے۔ بیرونی اقوام سے سب سے پہلے فرانسیسی کینیڈا میں آئے تھے بعد میں انگلینڈ والے۔ بعض صوبوں میں فرنچ زبان میں دفتری کاروبار چلتا ہے اور فرنچ ہی بولی جاتی ہے۔

جب بھی کسی شخص کو کینیڈا کی شہریت ملتی ہے تو حلف اٹھانا پڑتا ہے کہ میں قانون اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھوں گا۔

کینیڈا کے دس صوبے اور 3 ٹیرٹریز ہیں۔ آبادی کے لئے دو صوبے برٹش کولمبیا اور اونٹاریو باقی صوبوں کی نسبت بڑے ہیں۔

کینیڈا کی شہریت رکھنے والا ہر فرد الیکشن میں حصہ لے سکتا ہے کسی کی کوئی اجارہ داری نہیں۔ کینیڈا کا سب سے پہلا منتخب وزیراعظم مسٹر جان۔ اے۔ میکڈونلڈ تھے اور موجودہ وزیراعظم کا نام مسٹر سٹیفن ہاپیر ہے۔ ہر سال موسم گرما میں جماعت احمدیہ کا جلسہ سالانہ ہوتا ہے۔ جس میں کافی تعداد میں حکومتی نمائندے وزراء وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ حکومت جماعت احمدیہ کی تعلیم، رہن سہن اور خدمت خلق کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور عزت کرتی ہے۔ بلکہ گزشتہ گرمیوں میں میپل کے علاقہ میں احمدیہ سنٹر

اور بہت بڑی بیت الذکر سے ملحق ایک تفریح پارک حکومت نے احمدیوں کو تیار کر کے دیا ہے۔ اور اس کا نام بھی احمدیہ پارک رکھا گیا ہے۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔ اسی کا کام ہے جس کو چاہے عزت دے اور جس کو چاہے ذلت دے۔

میونسپلٹی کے فرائض میں مارکیٹوں کا نظم وضبط، آگ بجھانا، گاڑیوں کی فٹنس اور کمیونٹی لائبریریز چلانا ہے۔

ہر صوبے میں ملکہ برطانیہ کا نمائندہ گورنر جنرل مقرر ہوتا ہے۔ وزیراعظم اور گورنر جنرل باہمی مشاورت سے سینیٹرز مقرر کرتے ہیں۔

بعض صوبوں نے درج ذیل کنفیڈریشنز بنائی ہوئی ہیں۔

1۔ کیوبک + نوواسکاٹیا

2۔ برٹش کولمبیا + کیوبک

3۔ پرنس ایڈورڈ آئی لینڈ + کیوبک

4۔ پرنس ایڈورڈ آئی لینڈ + مانی ٹوبا

فیڈرل گورنمنٹ ممبر آف پارلیمنٹ پر مشتمل ہوتی ہے۔ خارجہ پالیسی فیڈرل گورنمنٹ ہی تشکیل دیتی ہے۔ پارلیمنٹ کے ممبر ووٹنگ کے ذریعہ منتخب ہو کر آتے ہیں۔ کینیڈا کا دارالحکومت آٹوہ شہر ہے۔ ہر صوبے میں ملکہ برطانیہ کی نمائندگی لیفٹیننٹ حکومت کرتی ہے۔ محکمہ ہیلتھ صوبائی حکومت کے زیرنگرانی کام کرتا ہے۔ انتخابات کے موقع پر جو بیلٹ بکس ہوتے ہیں اس پر امیدوار کا نام ہوتا ہے انتخابی نشان کوئی نہیں ہوتا۔

اس وقت تین صوبوں میں خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ 1۔ سکاٹون۔ 2۔ البرٹا۔ 3۔ مانی ٹوبہ سب سے چھوٹے صوبے کا نام پرنس ایڈورڈ آئی لینڈ ہے۔

ہر سال یکم جولائی کو کینیڈا ڈے منایا جاتا ہے اور یہ یوم کینیڈا 1867ء سے منایا جارہا ہے۔ کینیڈا کا قومی پرچم دو رنگ کا ہے سرخ اور سفید۔ سفید کے اوپر سرخ رنگ کا پیپل کے پتے کا نشان بنا ہوا ہے۔ قومی ترانہ O!Canada کے الفاظ سے شروع ہوتا ہے۔

جن لوگوں کو شہریت مل چکی ہوتی ہے حسب مراتب میرٹ کی بنا پر ہسپتالوں، دفاتر اور سکولوں میں ملازمت مل جاتی ہے۔ تعمیراتی اصول وقوانین میونسپلٹی بناتی ہے جس کا سربراہ میئر کہلاتا ہے۔

کینیڈا کے قدیم لوگ مچھلی کا شکار اور فر Fur کا کاروبار ذریعہ معاش تھے۔ مچھلی کا شکار اور کاروبار کے لئے مشہور جگہ کا نام ہڈسن بے شومہ ہے۔

ٹورانٹو کا ڈاؤن ٹاؤن قابل دید ہے۔ 50/45 منزلہ عمارتیں بڑی خوبصورت اور پرکشش ہیں اور ان پر جگ مگ کرتے تبدیل ہوتے ایڈورٹائیزنگ بورڈ چسپاں شان بڑھا رہے ہیں۔ ڈاؤن ٹاؤن میں ہی سی این ٹاور ہے جس کے اوپر جایا جائے تو اونچی سے اونچی عمارت بونا لگتی ہے۔

کینیڈا میں برف باری ہر سال ہی ہوتی ہے۔

برفباری مختلف نوعیت اور ناموں سے ہوتی ہے۔

1۔ سادہ برف باری جیسے دھنی ہوئی روئی نظر آتی ہے اور ہوا کے رخ پر وہ روئی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے رقص کرتے نظر آتے ہیں۔

2۔ طوفانی برفباری شکل میں تو سادہ برفباری ہوتی ہے لیکن ساتھ ہی 70/60 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوا چل رہی ہوتی ہے۔ اس برفباری میں T.V والے خاص تاکید کرتے ہیں کہ گھر سے باہر نکلیں تو محفوظ کرنے والے لباس پہن کر نکلیں اور گاڑیاں بھی احتیاط سے چلائیں۔ طوفانی برفباری کے دوران سکول۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں چھٹی کر دی جاتی ہے اور عام لوگ بھی اپنے پروگرام بنا لیتے ہیں۔ پھسلن کی وجہ سے دس دس پندرہ پندرہ گاڑیاں کسی ایک ڈرائیور کی لاپرواہی کی وجہ سے حادثہ کا شکار ہو جاتی ہیں۔ لیکن کسی کو موردالزام نہیں ٹھہراتے محض ایک دوسرے کو Sorry کہہ کر اپنا اپنا راستہ لیتے ہیں۔ ورنہ عام دنوں میں ایکسیڈنٹ کی صورت میں پولیس غلطی کنندہ سے تسلیم کرواتی ہے کہ ہاں میرا قصور ہے۔ اس ملک میں سب سے مہنگی چیز گاڑی کی انشورنس ہے۔ لیکن ایکسیڈنٹ کی صورت میں انشورنس کی کمپنی نقصان کی ادائیگی بھی کرتی ہے۔

3۔ فریزنگ سنو (جمی ہوئی برف) کو ہم برف کی بارش کہہ سکتے ہیں۔ کیونکہ جو بارش کے قطرے ہوتے ہیں وہ زمین کی طرف آتے ہوئے راستہ میں ہی جم جاتے ہیں۔ اس برف پر پھسلن بہت زیادہ ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ پانی کی طرح بے رنگ ہوتی ہے۔

ہر گھر میں برف ہٹانے کے لئے بیلچہ ضرور ہوتا ہے اور ہر گھر حسب استطاعت نمک بھی استعمال کرتا ہے۔ نمک برف کو جلدی تحلیل کر دیتا ہے۔

ہر گاڑی میں برفباری کے دنوں میں بیلچہ، برش اور کھرچنی موجود ہوتی ہے۔ جب گاڑی پارکنگ لاٹ میں کھڑی ہوتی ہیں تو برف باری کے بعد بیلچہ سے برف ہٹا کر ہی ڈرائیونگ کی جا سکتی ہے ورنہ گاڑی برف میں دھنس جاتی ہے۔ برش سادہ برف پر استعمال کیا جاتا ہے اور آسانی سے برف ہٹ جاتی ہے اور کھرچی کا استعمال اس وقت کرنا پڑتا ہے۔ جب فریزنگ سنو پڑی ہو یا برف باری کو ہوئے تین چار گھنٹے ہوگئے ہوں کیونکہ سادہ برف جم کر سخت ہو جاتی ہے۔

برفباری میں گورنمنٹ بڑا خرچ کرتی ہے۔ اس کے لئے باقاعدہ بجٹ ہوتا ہے۔ شہر کے اندر سڑکوں پر نمک بکھیرنے والی گاڑیاں چل پڑتی ہیں اور کچھ گاڑیاں جن کے سامنے کے حصہ پر بلیڈ لگے ہوتے ہیں جو برف کو سڑک کے کناروں کی طرف دھکیل دیتے ہیں۔

یہاں سیوریج کا سسٹم بہت ہی اعلیٰ ہے۔ کتنی ہی بڑی بارش یا برفباری ہوئی ہو سڑکوں پر کبھی کھڑا پانی نظر نہیں آتا۔

غزل

چین و آرام سے جتنی ہو بسر ہو جائے
سیج پھولوں کی مری رہگزر ہو جائے

برق رفتار سا ہو ایک تعلق ایسا
میں دعا مانگوں ادھر اور اثر ہو جائے

در بدر گھوما کئے خاک جہاں کی چھانی
اب تو جنت میں حسیں چھوٹا سا گھر ہو جائے

جو سزا ملنی ہو مجھ کو وہ یہاں مل جائے
خاک دنیا کی یہیں خاک بہ سر ہو جائے

منتظر ایک سوالی ترے در پہ روئے
